نیوز ریلیز

بہتر، زیادہ تیز، زیادہ قابلِ استطاعت آٹو انشورنس

21 نومبر، 2024ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت ایک نیا آٹو انشورنس سسٹم متعارف کروا رہی ہے جو آٹو انشورنس پریمیئمز کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ البرٹا میں رہنے والوں کو بہتر اور تیز تر خدمات فراہم کرے گا۔

ایک آن لائن سروے کے ذریعے 16,000 سے زائد البرٹنز سے آٹو انشورنس پالیسیوں کیلئے ان کی ترجیحات کو سُننے کے بعد، البرٹا کی حکومت ایک نیا نجی طور پر فراہم کیا جانے والا، نگہداشت پر مرکوز (care-focused) آٹو انشورنس سسٹم متعارف کروا رہی ہے۔

اس وقت، صوبے میں انشورنس قابلِ استطاعت نہیں یا نگہداشت پر مرکوز نہیں ہے۔ اونچے پریمیئمز کے باوجود، تصادم میں زخمی ہونے والے البرٹنز بروقت طبّی نگہداشت اور آمدنی میں مدد حاصل نہیں کر پاتے جن کی انہیں ایک ایسے نظام میں ضرورت ہوتی ہے جسے نیویگیٹ کرنا ایک پیچیدہ کام ہے۔ جب البرٹا کا نیا آٹو انشورنس سسٹم مکمل طور پر نافذ ہو جائے گا تو وہ حادثات میں ملوث افراد کیلئے بہتر اور تیز تر نگہداشت فراہم کرے گا، اور البرٹنز 400 ڈالر فی سال کی بچت کریں گے۔

"البرٹنز کو واضح طور پر معلوم ہے کہ انہیں ایسے آٹو انشورنس سسٹم کی ضرورت ہے جو بہتر، تیز تر نگہداشت والا اور زیادہ قابل استطاعت ہو۔ جب یہ نافذ کر دیا جائے گا، تو ہمارا نیا نجی طور پر فراہم کردہ، نگہداشت پر مرکوز انشورنس سسٹم البرٹنز کی بحالی پر توجہ دے گا، زیادہ مؤثر مدد فراہم کرے گا اور کم نرخوں والا ہوگا۔"

ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)

"آٹو انشورنس کے زیادہ نرخ البرٹنز پر بوجھ ڈالتے ہیں۔ ایک ایسے نظام کی طرف منتقل ہو کر جو بہتر بینیفٹس اور مدد پیش کرتا ہے، ہم البرٹنز کو کم قیمتوں والی، بہتر اور تیز تر نگہداشت فراہم کر رہے ہیں۔"

نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیرِ خزانہ

البرٹنز جو حادثات کی وجہ سے زخمی ہو جاتے ہیں اس وقت ایک سادہ سے کلیم کے حَل ہونے میں مہینوں انتظار کرتے ہیں اور مزید سنگین اور زندگی تبدیل کر دینے والی چوٹوں سے متعلقہ کلیمز کیلئے سالوں تک انتظار کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، جو طبّی اور مالی فوائد وہ حاصل کرتے ہیں وہ اکثر ان کے مکمل طور پر صحت یاب ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جاتے ہیں۔

اس نئے سسٹم کے تحت، البرٹنز جو تباہ کن چوٹوں سے متاثر ہو جاتے ہیں وہ اپنی بقیہ تمام زندگی کیلئے علاج اور نگہداشت حاصل کریں گے۔ جو لوگ شدید زخمی ہو جائیں تو ان کا علاج مکمل صحت یاب ہونے تک کیا جائے گا۔ یہ تبدیلیاں سسکیچیون انشورنس ماڈل کا عکس ہیں اور انہیں اسی پر استوار کیا جا رہا ہے، جہاں دَرد اور نقصانات میں مبتلا کرنے پر غلطی کرنے والے ڈرائیوروں پر مقدمہ قائم کیا جا سکتا ہے اور اگر وہ کسی مجرمانہ خلاف ورزی میں ملوث پائے جاتے ہیں، جیسے کہ نشے کی حالت میں گاڑی چلانا یا خطرناک ڈرائیونگ کرنا، یا *ٹریفک سیفٹی ایکٹ* کے تحت مخصوص جرائم کرنا، تو ان کے خلاف مقدمہ چلایا جا سکتا ہے۔

اس نئے آٹو انشورنس سسٹم پر کام کرنے کیلئے 2025ء کے موسمِ بہار میں قانون سازی کی ضرورت ہوگی۔ 3.4 ملین البرٹنز کیلئے آٹو انشورنس پالیسیوں کو دوبارہ تشکیل دینے کیلئے، آٹو انشورنس کمپنیوں کو نیا سسٹم بنانے اور اسے نافذ کرنے کیلئے وقت کی ضرورت ہے۔ البرٹا کی حکومت توقع کرتی ہے کہ نیا سسٹم جنوری 2027ء تک مکمل طور پر نافذ ہو جائے گا۔

درمیانی عرصے میں، جنوری 2025ء کے شروع سے، زیادہ قانونی اخراجات، گاڑیوں کو پہنچنے والے نقصان کی مرمت کے بڑھتے ہوئے اخراجات اور قدرتی آفات سے پہنچنے والے نقصانات کی قیمتوں کی وجہ سے اچھے ڈرائیور کی شرح کی حد (rate cap) کو 7.5% کے اضافے پر ایڈجسٹ کیا جائے گا۔ یہ اچھے ڈرائیوروں کو نرخوں میں زیادہ اضافے سے بچاتا ہے جبکہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آٹو انشورنس فراہم کرنے والے البرٹا میں مالی طور پر کام کرنے کے قابل رہیں۔

البرٹنز پر یہ بات اچھی طرح واضح ہے کہ وہ اب بھی چاہتے ہیں کہ پریمیئمز خطرے کی بنیاد پر ہوں۔ خراب ڈرائیور اچھے ڈرائیوروں سے زیادہ پریمیئمز ادا کرتے رہیں گے۔

نمایاں طور پر بہتر میڈیکل، بحالی اور انکم سپورٹ بینیفٹس فراہم کرکے، یہ سسٹم حادثات میں زخمی ہو جانے والے البرٹنز کی مدد کرتا ہے جب کہ اس قانونی چارہ جوئی کے اخراجات کے اثرات کو اس رقم پر کم کرتا ہے جو البرٹنز اپنی انشورنس کیلئے ادا کرتے ہیں۔

"البرٹنز کی جیبوں میں زیادہ رقم رکھنا زندگی کی بڑھتی ہوئی لاگتوں سے نمٹنے کے بہترین طریقوں میں ایک طریقہ ہے۔ کیئر فرسٹ آٹو موبائل انشورنس سسٹم کی جانب یہ تبدیلی صوبے بھر کے لوگوں کیلئے پریمیئمز کو کم کرنے میں مدد دے گی۔"

نیتھن نیوڈورف (Nathan Neudorf)، استطاعت اور یوٹیلیٹیز کے وزیر

فوری حقائق

- البرٹا کی حکومت نے آٹو انشورنس کی دو رپورٹوں کو سند یاب کیا، جو ظاہر کرتی ہیں کہ صوبے کے موجودہ سسٹم سے جُڑی ہوئی قانونی فِیسیں اور قانونی چارہ جوئی کے اخراجات پریمیئمز میں نمایاں اضافہ کرتے ہیں۔
- ایم این پی کی 2023ء کی رپورٹ 2018ء اور 2022ء کے درمیانی عرصے میں تصادم والے حادثات سے متعلق مقدمات میں 48 فیصد اضافے کو ظاہر کرتی ہے، جس میں قانونی چارہ جوئی کے اخراجات 1.2 بلین ڈالر سے زائد ہیں۔
- البرٹا کی حکومت نے اپریل 2024ء میں آٹو انشورنس پر آراء حاصل کرنے کیلئے ایک آن لائن پبلک سروے کیا۔

متعلقہ معلومات

- آٹوموبائل انشورنس اصلاحات
- آٹوموبائل انشورنس انگیجمینٹ

متعلقہ خبریں

- اچھے ڈرائیور آٹو انشورنس تبدیلیوں سے فائدہ اٹھائیں گے (1 نومبر، 2023ء)
- انشورنس پر کاروائی کرنا (26 جنوری، 2023ء)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں

میڈیا انکوائریز

سوینا جوہینسن (Savannah Johannsen)

780-686-3521
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

جَسٹن بریٹنگا (Justin Brattinga)

587-357-2956
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فنانس

ایشلے ایم اسٹیونسن (Ashley M Stevenson)

587-357-2141
پریس سیکریٹری، استطاعت اور یوٹیلیٹیز